www.tarjuman.com.pk
ABC Certified
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
لاہور، اسلام آباد اور بھکر سے بیک وقت شائع ہونے والا عوامی ترجمان
Daily TARJUMAN
روزنامہ ترجمان لاہور
حق سچ کا
ایڈیٹر انچیف: ڈاکٹر ناصر جمال
جلد نمبر 07
بدھ 13 محرم الحرام 1447ھ 09 جولائی 2025ء صفحات 04 قیمت 20 روپے
شمارہ 24

وفاقی محتسب کے افسران کی کہوٹہ میں کھلی کچہری

بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سے شکایت کنندگان کو مالی امداد کی منظوری دے دی گئی

اسلام آباد (پ ر) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کے ایڈوائزر میجر جنرل (ر) ہارون سکندر پاشا اور کنسلٹنٹ خالد سیال نے گزشتہ روز کہوٹہ میں کھلی کچہری کے دوران وفاقی اداروں کے خلاف شکایات سنیں اور متعلقہ اداروں کے افسران کو ہدایات جاری کر کے گیس، بجلی، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام اور نادرا کے خلاف متعدد شکایات موقع پر ہی حل کروا دیں۔ کھلی کچہری میں شکایت کنندگان نے وفاقی اور صوبائی محکموں کے خلاف بڑی تعداد میں شکایات پیش کیں۔ شکایت کنندگان نے بتایا کہ کہوٹہ شہر میں سڑکیں جگہ جگہ ٹوٹی ہوئی ہیں اور بجلی کے متعدد کھمبے گرے ہوئے ہیں جن کی بحالی کے لئے متعدد درخواستوں کے باوجود محکمہ کوئی کارروائی نہیں کر رہا نیز بجلی کے اہلکار رشوت کے بغیر کوئی کام نہیں کرتے۔ زیادہ تر شکایات بجلی کے کنکشن اور ٹرانسفارمر نہ لگانے، زائد بلوں، گیس کے کنکشن میں تاخیر، شناختی کارڈ کے اجراء میں تاخیر اور بلاک ہونے نیز بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سے مالی امداد نہ ملنے سے متعلق تھیں۔ وفاقی محتسب کے افسران نے متعلقہ وفاقی اداروں کو شکایات کے ازالے کے لئے موقع پر ہی احکامات جاری کئے جب کہ صوبائی اداروں سے متعلق شکایات صوبائی محتسب اور ضلعی انتظامیہ کو بھجوا دیں۔ کھلی کچہری میں وفاقی اداروں کے مقامی افسران، اے سی کہوٹہ، ضلعی انتظامیہ کے افسران اور میڈیا کے نمائندوں نے بھی شرکت کی۔ قبل ازیں وفاقی محتسب کے

افسران نے وفاقی محتسب کے بارے میں آگاہی لیکچر بھی دیا۔ کھلی کچہری کے بعد وفاقی محتسب کے افسران نے میڈیا کے نمائندوں کی شکایات اور تجاویز سننے کے بعد ان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ میڈیا کی وجہ سے عوام الناس میں وفاقی محتسب کے بارے میں آگاہی پیدا ہو رہی ہے اور وفاقی محتسب میں آنے والی شکایات میں ہر سال اضافہ ہو رہا ہے۔